**Fazil/Tausif**

**11-08-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سِندور کی جڑیں، جدید ترین ٹکنالوجی اور دفاعی سامان کی تیاری کی میک اِن انڈیا پہل میں پیوست ہیں۔

2- وزیر اعظم آج صبح نئی دلّی میں ارکانِ پارلیمنٹ کے لیے 184 نئے تعمیر شدہ Type-VII ملٹی اسٹوری فلیٹس کا افتتاح کریں گے۔

3- مرکز، آج 30 لاکھ کسانوں کو فصل بیمے کے طور پر 3 ہزار 200 کروڑ روپے تقسیم کرے گا۔

4- انتخابی کمیشن نے کانگریس رہنما راہل گاندھی کو، 2024 کے لوک سبھا انتخابات میں ووٹر گھوٹالے کے اُن کے الزامات پر نوٹس جاری کیا ہے۔

5- بھارت کی خاتون مکّے بازوں نِشا اور مُسکان نے، بنکاک میں 19 سال تک کی ایشین مکّے بازی چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور انّو رانی نے، بھوبنیشور میں، انڈین اوپن 2025 ورلڈ ایتھلیٹکس Continental Tour Bronze میں خواتین کے، بھالا پھینکنے کے مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Bengluru

وزیر اعظم نریندر مودی نے آپریشن سِندور کا سہرا، دفاعی سامان کی تیاری میں، جدید ترین ٹکنالوجی کی طاقت اور میک اِن انڈیا پہل کو دیا ہے۔ بنگلورو میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ پوری دنیا نے نئے بھارت کا نیا چہرہ دیکھا ہے، کیونکہ ملک کی مسلّح فوجوں نے سرحد کے اُس پار، کافی اندرونی علاقوں میں، دہشت گردوں کے چھپنے کی جگہوں کو تباہ کر دیا اور پاکستان کو چند گھنٹے کے اندر اندر پسپا ہونے پر مجبور کر دیا۔

**S/B PM Operation Sindoor**

ٹکنالوجی میں مزید خود کفالت پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم نے مصنوعات سازی میں، خامی اور نقصان سے پاک معیارات اپنانے کے لیے کہا۔

**S/B - PM Zero Defect**

جناب مودی نے کہا کہ بنگلورو نے بھارت کو IT کے عالمی نقشے پر ایک مقام فراہم کیا ہے اور اب اِسے اُبھرتی ہوئی ٹکنالوجیز اور مصنوعات سازی میں قائدانہ کردار ادا کرنا چاہیے، تاکہ وِکست بھارت کا تصور مکمل ہو سکے۔

وزیر اعظم نے اِس شہر کو بھارت کے نئے سرے سے طلوع ہونے کی ایک علامت قرار دیا، جہاں فلسفیانہ وراثت اور ٹکنالوجیکل مہارت کا امتزاج کیا۔

وزیر اعظم نے کرناٹک، خاص طور پر بنگلورو کے نوجوانوں کی صلاحیت کی تعریف کی کہ اُن کا IT سے دفاعی سامان کی تیاری تک کے شعبوں میں ملک کی پیشرفت میں اہم رول ہے۔

انہوں نے یہ تبصرہ بنگلورو میٹرو کی Yellow لائن کا افتتاح کرنے اور اِس پروجیکٹ کے تیسرے مرحلے کا سنگِ بنیاد رکھنے کے بعد کیا۔ Yellow لائن پر تقریباً 7 ہزار 160 کروڑ روپے اور اِس پروجیکٹ کے تیسرے مرحلے پر 15 ہزار 610 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔×

PM Flats

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں بابا کھڑک سنگھ مارگ پر ارکانِ پارلیمنٹ کے لیے Type-VII ملٹی اسٹوری فلیٹس کا افتتاح کریں گے۔ یہ 184 فلیٹس حال ہی میں تعمیر کیے گئے ہیں۔ وزیر اعظم اس موقع پر رہائشی جگہوں پر سِندور کا ایک پودھا بھی لگائیں گے۔ وہ شرم جیویوں سے بھی بات چیت کریں گے اور اجتماع سے خطاب کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Pallavi**

یہ رہائشی کامپلیکس اس انداز میں تعمیر کیا گیا ہے کہ یہ اپنے اندر خودکفیل ہے اور سبھی جدید ترین سہولیات سے لیس ہے، تاکہ ارکانِ پارلیمنٹ کی، کام کاج کی سبھی ضرورتیں پوری ہوں۔ اِس میں ماحولیات کے اعتبار سے پائیدار خاصیتیں شامل کی گئی ہیں، جن کا تعلق توانائی کے تحفظ، قابلِ تجدید توانائی اور کچرے کے مؤثر بندوبست سے ہے۔ یہ عمارت معذور افراد کے لیے بھی سازگار ہے۔ ہر ایک رہائشی یونٹ، تقریباً 5 ہزار مربع فٹ کے اندرونی رقبے پر مشتمل ہے، جس میں رہائشی اور سرکاری کام کاج دونوں کے لیے وافر جگہ موجود ہے۔ ارکانِ پارلیمنٹ، عوامی نمائندہ ہونے کے طور پر اپنی ذمہ داری نبھا سکیں، اِس کے لیے دفتروں، اسٹاف کے رہنے کی جگہوں اور ایک کمیونٹی سینٹر بھی تعمیر کیا گیا ہے۔

یہ سبھی عمارتیں اس طرح تعمیر کی گئی ہیں کہ اِن پر زلزلے کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔

پلوی پرمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں اسلم بیگ

Shivraj - Crop Insurance

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان، راجستھان کے جھنجھنو میں آج ایک تقریب کے دوران پردھان منتری

فصل بیمہ یوجنا کے تحت 30 لاکھ سے زیادہ کسانوں میں 3 ہزار 200 کروڑ روپے سے زیادہ فصل بیمہ کے دعوؤں کی رقم تقسیم کریں گے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے بتایا کہ دعوؤں سے متعلق ادائیگیاں، فائدوں کی راست منتقلی، DBT کے ذریعے کسانوں کے بینک کھاتوں میں ڈیجیٹل طریقے سے سیدھے منتقل کی جائیں گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ …………

**VC - Vishnu**

*تقریب کے دوران مدھیہ پردیش کے کسانوں کو ایک ہزار 156 کروڑ، راجستھان کے کسانوں کو ایک ہزار 121 کروڑ، چھتیس گڑھ کے کسانوں کو 150 کروڑ اور دیگر ریاستوں کے کسانوں کو 773 کروڑ روپے سیدھے منتقل کیے جائیں گے۔*

*اِس تقریب میں جھنجھنو، سیکر، جے پور، کوٹ تپلی-بہرور اور دیگر ضلعوں کے کسانوں کی شرکت کا امکان ہے۔ وہیں ملک کی دیگر ریاستوں کے لاکھوں کسان ورچوئل طریقے سے تقریب میں شامل ہوں گے۔*

*زراعت کی وزارت نے کہا ہے کہ سال 2016 میں اپنی شروعات کے بعد سے پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا نے اب تک 78 کروڑ کسانوں کی درخواستوں پر کام کیا ہے اور ایک لاکھ 83 ہزار کروڑ روپے کے بیمہ دعوؤں کی رقم تقسیم کی ہے۔*

*یہ رقم، کسانوں کی جانب سے کُل 35 ہزار 964 کروڑ روپے کے Premium کے بدلے ادا کی گئی ہے۔*

*دِلّی سے وشنو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں کونین حیدر*

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

EC Rahul Gandhi

بھارت کے انتخابی کمیشن نے کانگریس رہنما راہل گاندھی کو نوٹس جاری کیا ہے، جس میں اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ 2024 کے لوک سبھا انتخابات کے دوران ووٹر گھوٹالے کے اپنے الزامات کو ثابت کرنے کے لیے دستاویزات پیش کریں۔

کرناٹک کے اعلیٰ انتخابی افسر کی طرف سے جاری ایک نوٹس میں جناب گاندھی سے کہا گیا ہے کہ وہ مہادیوا پورا اسمبلی حلقے میں، ووٹوں کی چوری کے، اُن کی طرف سے لگائے گئے الزامات کو ثابت کرنے کے لیے دستاویزات فراہم کریں۔ یہ حلقہ بنگلورو وسطی لوک سبھا حلقے کا حصہ ہے۔ نوٹس میں 7 اگست کو نئی دلّی میں اپوزیشن رہنما کی پریس کانفرنس کے بعد تفصیلات طلب کی گئی ہیں۔

ECI نے کہا ہے کہ دعووں کے حق میں دستاویزات فراہم کی جا سکتی ہیں، تاکہ اس معاملے میں تفصیلی طور پر

تحقیقات کرائی جا سکے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Sudhindra**

*بھارت کے انتخابی کمیشن نے کانگریس رہنما راہل گاندھی کو جاری کیے گئے نوٹس کی ایک نقل ٹویٹ کی ہے۔ اِس نوٹس پر کرناٹک کے **CEO** کے دستخط ہیں اور اِس میں راہل گاندھی کو مخاطب کیا گیا ہے، جس میں اُن سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ متعلقہ دستاویزات فراہم کریں، جن کی بنیاد پر انہوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ شگن رانی نام کی ایک ووٹر یا کسی نے بھی دو بار ووٹ ڈالا ہے، تاکہ تفصیلی طور پر تحقیقات کی جا سکے۔ اِس نوٹس میں کہا گیا ہے کہ راہل گاندھی نے، جو **7** اگست کو پریس کانفرنس کی تھی، اُس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ ووٹر شگن رانی نے دو بار ووٹ ڈالا اور یہ انتخابی کمیشن کے اعداد و شمار کی بنیاد پر ہوا۔ جب کمیشن نے شگن رانی سے پوچھ تاچھ کی تو انہوں نے کہا کہ انہوں نے صرف ایک بار ووٹ دیا ہے نہ کہ دو بار۔*

*لہٰذا کمیشن، متعلقہ دستاویزات چاہتا ہے، جس کی بنیاد پر ووٹ چوری کا دعویٰ کیا گیا ہے۔*

*بنگلورو سے سُدھیندرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں نرگس علیم*

مہاراشٹر کے اعلیٰ انتخابی افسر نے بھی جناب گاندھی کو نوٹس جاری کیا ہے، جس میں اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ چناؤ فہرستوں میں نااہل ووٹروں کو مبینہ طور پر شامل کیے جانے اور اہل ووٹروں کو خارج کیے جانے کے بارے میں **10** دن کے اندر اندر ایک دستخط شدہ حلفنامہ داخل کریں۔

اسی طرح کے ایک نوٹس میں ہریانہ کے **CEO** نے راہل گاندھی سے کہا ہے کہ وہ چناؤ فہرستوں میں فرق سے متعلق اپنے دستاویزات **10** دن کے اندر اندر پیش کریں۔

جیسا کہ انہوں نے اِس ریاست میں الزام لگایا ہے۔ اِن دستاویزات کے ساتھ ساتھ ایک دستخط شدہ اعلامیہ بھی ہو، جس میں انہوں نے اِس کے سچ ہونے کی بات بھی کہی ہو۔

انتخابی کمیشن نے اِس سے پہلے جناب گاندھی سے کہا تھا کہ یا تو وہ ضابطوں کے مطابق ایک باقاعدہ حلفنامہ داخل کریں یا جھوٹے الزامات لگانے پر ملک کے عوام سے معافی مانگیں۔×

RSS Conclave

راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ **RSS** نے، بَین برادری اتحاد کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم اشارہ دیا ہے کہ وہ اِندور میں **12** ستمبر کو ایک اہم سماجی ہم آہنگی کانفرنس کا اہتمام کرے گا۔ یہ کانفرنس عوام تک رسائی کی اُس کی صد سالہ مہم کے حصے کے طور پر منعقد کی جائے گی۔ یہ تقریب **Brilliant Convention** سینٹر پر منعقد کی جائے گی، جس میں مالوا خطّے کے **180** سے زیادہ ذات اور برادری کے رہنما حصہ لیں گے، جس سے سب کی شمولیت والے مذاکرات اور ثقافتی میل جول پر، سنگھ کی خاص توجہ اُجاگر ہوتی ہے۔

اِس کانفرنس کی صدارت RSS کے سَرسَنگھ چالک ڈاکٹر موہن بھاگوت کریں گے، جنھوں نے حالیہ مہینوں میں اِندور کا کئی بار دورہ کیا ہے، جس سے سَنگھ کی حکمتِ عملی کے خاکے میں، اِس شہر کی بڑھتی ہوئی اہمیت کا اشارہ ملتا ہے۔
یہ کانفرنس RSS کے پنچ پریورتن کے خاکے پر مرکوز ہوگی۔ پنچ پریورتن، یکسر تبدیلی لانے والی پانچ اقدار ہیں، جو اِس طرح ہیں: ملک میں زندگی کی گزر بسر، کنبہ جاتی روشن خیالی، ماحولیات کے تئیں ذمہ داری، سماجی ڈسپلن اور سماجی ہم آہنگی۔×

Uttarkhand - Rescue

اتراکھنڈ میں حال ہی میں بادل پھٹنے کی وجہ سے ہونے والی تباہی کے بعد اترکاشی کے ہرشِل اور دھرالی میں راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ انتظامیہ، مسلح افواج اور دیگر ایجنسیوں نے صورتحال کو معمول پر لانے کی خاطر بڑے پیمانے پر اقدامات کا آغاز کیا ہے۔
وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے افسران کو راحت رسانی کی تمام کوششوں کو تیز کرنے کی ہدایت دی ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Sakshi**

*اترکاشی میں راحت اور بچاؤ کارروائی تیزی سے جاری ہے۔ ہرشِل کے مائکرو-ہائڈرو پروجیکٹ میں بجلی کی پیداوار شروع ہوگئی ہے اور آس پاس کے علاقوں میں بجلی کی فراہمی بحال کر دی گئی ہے۔ وہیں، گنگوتری قومی شاہراہ پر ڈَبرانی تک سڑک رابطہ بحال کرنے کے لیے Limchagaad میں ایک Bailey پُل تعمیر کیا گیا ہے۔*
*وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے افسران کو ایک ہفتے کے اندر سرکاری اور نجی املاک کو ہونے والے نقصان کا جائزہ لینے کی ہدایت دی ہے۔*

***SB - Pushkar Singh Dhami - CM***

*اِس دوران محکمۂ موسمیات نے باگیشور، دہرادون، ٹہری، پوڑی اور نینی تال اضلاع میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔*
*دوسری جانب زمینی تودے کھسکنے کے سبب بدری ناتھ قومی شاہراہ پر کئی مقامات پر گاڑیوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی ہیں اور سڑک سے ملبا ہٹانے کی کوششیں جاری ہیں۔*
*دہرادون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں اسلب بیگ*

Telangana Rain

بھارتی محکمۂ موسمیات نے تلنگانہ ریاست کے مختلف ضلعوں کے متعدد مقامات پر 17 اگست تک شدید بارش سے متعلق خبردار کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات کے حکام نے ریاست کے مختلف مقامات پر بجلی کی گرج چمک اور 30 سے 40 کلو میٹر فی گھنٹے کی تیز رفتار ہواؤں کے ساتھ چھینٹے پڑنے کے امکان کا بھی اظہار کیا ہے۔

اِس دوران گذشتہ دو دن تک ہوئی موسلادھار بارش کے بعد تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے اُن علاقوں کا کُل اچانک دورہ کیا، جہاں پانی بھر گیا تھا۔ اِس دوران وزیر اعلیٰ نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ سیلاب سے متاثرہ کالونیوں میں پانی کی نکاسی کے نظام کو بہتر بنائیں، تاکہ مزید پانی بھرنے کو روکا جاسکے۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور سکم میں آج شدید بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ وہیں ہریانہ، پنجاب، مدھیہ پردیش، بہار، اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، تلنگانہ اور دلّی میں آج بجلی کی گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ موسلادھار ہوسکتی ہے۔×

Turkey Quake

جنوبی ترکیہ کے **Sindirgi** میں زلزلہ آیا ہے، جس کی شدت **6** اعشاریہ ایک درج کی گئی ہے۔ قدرتی آفات سے نمٹنے کی ترکیہ کی ایجنسی، **AFAD** نے بتایا کہ یہ زلزلہ ملک کے جنوبی حصے کے کئی شہروں میں محسوس کیا گیا، جن میں استنبول اور سیاحوں میں مشہور اِزمیر بھی شامل ہیں۔ ترکیہ کے میڈیا کے مطابق زلزلے کے دوران **Balikesir** صوبے میں کئی عمارتیں منہدم ہوگئیں۔×

Iran IAEA

بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل آج ایران کا دورہ کرنے والے ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اِس دورے کا مقصد اِس سال جون میں ایرانی پارلیمنٹ کی طرف سے منظور کیے گئے نئے فریم ورک کے تحت مستقبل میں تعاون سے متعلق مذاکرات کرنا ہے۔ اگرچہ انہوں نے یہ واضح کیا کہ اِس دورے کے دوران ایران کی جوہری تنصیبات کا معائنہ نہیں کیا جائے گا۔

اِس دورے سے قبل ایران نے اپنی جوہری تنصیبات پر اسرائیل اور امریکہ کے حملوں اور اُس کے نیوکلیائی سائنس دانوں کے قتل کے بعد ایران نے **IAEA** کے ساتھ تعاون معطل کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔×

Asian Boxing

**19** سال سے کم عمر کی لڑکیوں کی ایشیائی باکسنگ چیمپئن شپ میں بھارت کی مکّے بازوں نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ اِس طرح تھائی لینڈ کی راجدھانی بینکاک میں جاری اِس چیمپئن شپ میں بھارت نے **14** تمغے حاصل کیے ہیں۔ بھارت کی کھلاڑی نِشا نے **54** کلوگرام زمرے میں اور مسکان نے **57** کلوگرام کے زمرے میں سونے کے تمغے حاصل کیے ہیں۔ دیگر **5** کھلاڑیوں نے چاندی کے تمغے جیتے ہیں۔

مردوں کے فائنلز میں راہل کُنڈو نے **75** کلوگرام زمرے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ اِس طرح بھارت نے **3** سونے کے، **7** چاندی کے اور **4** کانسے کے تمغوں سمیت کُل **14** تمغے حاصل کیے ہیں۔×

World Atheletics Continental Tour

ایتھلیٹکس میں اولمپک کھلاڑی انو رانی نے انڈین اوپن 2025 ورلڈ ایتھلیٹکس برونز لیول **Continental** ٹور میں خواتین کے بھالا پھینکنے کا خطاب جیت لیا ہے۔ انہوں نے اوڈیشہ کے بھونیشور کے کلنگہ اسٹیڈیم میں کُل اِس کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

رانی نے سری لنکا کی **NDL Hatarabag Leka** کو ہراتے ہوئے **62** اعشاریہ صفر ایک میٹر کی کارکردگی کی مظاہرہ کیا۔ **NDL Hatarabag Leka** نے **56** اعشاریہ دو سات میٹر، جبکہ بھارت کی دیپکا نے **54** اعشاریہ دو صفر میٹر کی کارکردگی دکھائی۔

دوسری جانب مردوں کے بھالا پھینکنے میں بھارت کے شِوَم لوہا کارے نے **80** اعشاریہ سات تین میٹر کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

ہندوستان ایکس پریس نے وزیر اعظم مودی کے ذریعے بنگلورو میں تین وندے بھارت ایکس پریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے سے متعلق خبر کو اپنے پہلے صفحۂ پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے امریکہ کی جانب سے بھارت پر عائد کئے گئے ٹیرف پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے ردِعمل سے متعلق خبر کو اپنے پہلے صفحے پر پیش کرتے ہوئے وزیر موصوف کے اس تبصرے کو نمایاں کیا ہے کہ بھارت دنیا کی سب سے مضبوط اور متحرک معیشت ہے۔

''آپریشن سندور تینوں مسلح افواج کے درمیان ہم آہنگی کی بہترین مثال ہے۔''

انقلاب نے چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان کے اس بیان کو اپنے پہلے صفحے پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

آسٹریلیا کی فوج کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل سائمن اسٹورٹ کے دورۂ ہند سے متعلق خبر کو روزنامہ پرتاپ، ہندوستان ایکس پریس اور کئی دیگر اخبارات نے بھی اپنے صفحۂ اول پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ کے علاوہ دیگر اخبارات نے ہند عمان جامع اقتصادی شراکت داری پر بات چیت کا دور مکمل ہونے سے متعلق خبر کو اہمیت کے شائع کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

-1 وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سِندور کی جڑیں، جدید ترین ٹکنالوجی اور دفاعی سامان کی تیاری کی میک اِن انڈیا پہل میں پیوست ہیں۔

-2 وزیر اعظم آج صبح نئی دلّی میں ارکانِ پارلیمنٹ کے لیے 184 نئے تعمیر شدہ Type-VII ملٹی اسٹوری فلیٹس کا افتتاح کریں گے۔

-3 مرکز، آج 30 لاکھ کسانوں کو فصل بیمے کے طور پر 3 ہزار 200 کروڑ روپے تقسیم کرے گا۔

-4 انتخابی کمیشن نے کانگریس رہنما راہل گاندھی کو، 2024 کے لوک سبھا انتخابات میں ووٹر گھوٹالے کے اُن کے الزامات پر نوٹس جاری کیا ہے۔

-5 بھارت کی خاتون مکّے بازوں نِشا اور مُسکان نے، بنکاک میں 19 سال تک کی ایشین مکّے بازی چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

-6 اور انّو رانی نے، بھوبنیشور میں، انڈین اوپن 2025 ورلڈ ایتھلیٹکس Continental Tour Bronze میں خواتین کے، بھالا پھینکنے کے مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---